Rampur State Gazette.

EXTRAORDINARY.

غیر معمولی گزٹ ریاست رامپور

نمبر ۱۶	بحکم بندگان اعلیحضرت حضور پرنور دام اقبالہم و ملکہم	جلد ۴۳

مطبوعہ روز چہارشنبہ بتاریخ ۵ ذیقعدہ ۱۳۴۹ھ مطابق ۲۵ مارچ ۱۹۳۱ء

فہرست مضامین

نمبر شمار	خلاصہ مضمون	درج صفحہ
۱	روبکار اجلاس ہمایون بابت اشاعت گزٹ غیر معمولی	۱
۲	بابت منظوری بائی لاز میونسپلٹی	۱ و ۲
۳	نفاذ قانون موٹر گاڑیاں	۲
۴	نفاذ ویہیکل ٹیکس	۲ و ۳
۵	نفاذ میونسپلٹی ایکٹ	۳

روبکار اجلاس ہمایون اعلیحضرت بندگان حضور پرنور دام اقبالہم و ملکہم واقع ۲۰ مارچ ۱۹۳۱ء

دستخط بندگان حضور پرنور دام اقبالہم و ملکہم

حال میں جو قانون موٹر گاڑیان اور ویہیکل ٹیکس و میونسپلٹی وغیرہ جاری ہوئے ہیں اونکی اشاعت حسب منشاء حکم بذریعہ غیر معمولی گزٹ ہوگی۔ یہ غیر معمولی گزٹ ۲۵ مارچ ۱۹۳۱ء کو جاری کر دیا جائے۔

حکم ہوا کہ

روبکار ہذا برائے تعمیل حسب صدر بالا صاحب چیف منسٹر بہادر کے پاس مرسل ہو۔ ایک نقل درج گزٹ ہو۔

بغرض اجرائے احکام منشائے حکم بندگان اعلیٰ دام اقبالہم و ملکہم سررشتہ صدر کو مرسل ہو۔ ۲۰ مارچ ۱۹۳۱ء

دستخط صاحب چیف منسٹر بہادر

روبکار اجلاس ہمایون اعلیحضرت بندگان حضور پرنور دام اقبالہم و ملکہم واقع ۱۷ مارچ ۱۹۳۱ء

دستخط بندگان حضور پرنور دام اقبالہم و ملکہم

کاغذات متعلقہ ملاحظہ ہوئے۔ صاحب ہوم منسٹر بہادر نے بمشورہ صاحب جوڈیشل منسٹر بہادر میونسپلٹی رامپور کے لئے بائی لاز مرتب کئے ہیں جنکی منظوری کے مستدعی ہیں۔ لہذا حسب استدعائے صاحب ہوم منسٹر بہادر باتفاق رائے صاحب چیف منسٹر بہادر میونسپلٹی رامپور کے لئے بائی لاز متعلقہ کے نفاذ کی منظوری عطا کی جاتی ہے

حکم ہوا کہ

روبکار ہذا مع مسودہ بائی لاز مصرحۂ بالا برائے تعمیل صاحب چیف منسٹر بہادر کے پاس مرسل ہو۔ ایک نقل اس روبکار کی مع نقل مسودہ بائی لاز درج گزٹ غیر معمولی مین کیجائے۔ (دکیمپ دہلی)

حسب منشاء حکم بندگان عالی دام اقبالہم وملکہم بغرض اجرائے احکام واندراج گزٹ سررشتہ صدر کو مرسل ہو۔ ۲۰ مارچ ۱۹۳۱ء

دستخط صاحب چیف منسٹر بہادر

اعلیحضرت بندگان حضور پر نور دام اقبالہم وملکہم

معروض	جناب عالی	میرسانند

حسب ایماء بندگان عالی دام اقبالہم وملکہم صاحب ہوم منسٹر بہادر نے بمشورہ صاحب جوڈیشل منسٹر بہادر اور ترمیم ... میونسپلٹی رامپور کیواسطے بائی لاز مرتب کرائے ہین ان مین وہ قواعد جرمانہ وغیرہ جو بعہدی اعلیحضرت بندگان عالی دام اقبالہم وملکہم جاری ہوتے تھے شامل کر لئے گئے ہین۔ ایک ایک نقل مسودہ ممبر صاحبان میونسپلٹی کے پاس بھیجدی گئی تھی اور ایک ایک نقل منسٹر صاحبان بہادر کی خدمت مین بغرض ملاحظہ بھیجی گئی۔ کسی صاحب کے پاس سے کوئی اعتراض موصول نہین ہوا البتہ جناب ریونیو منسٹر بہادر نے کچھ اعتراضات فرمائے تھے جو معمولی قسم کے تھے ان کا لحاظ کرتے ہوے مسودہ مین ترمیم کر دی گئی ہے۔ صاحب ہوم منسٹر بہادر مسودہ بائی لاز کی منظوری چاہتے ہین تاکہ جلد نفاذ ہو جائے۔ کاغذات ذریعہ عرضداشت ہذا برائے صدور حکم منظوری حضور پر نور مین پیش ہے ... منظوری شرف نفاذ پائے۔ زیادہ حد ادب۔ دولت جاوید۔

[illegible]

روبکار اجلاس ہمایون اعلیحضرت بندگان حضور پر نور دام اقبالہم وملکہم واقع ۱۹ مارچ ۱۹۳۱ء

دستخط بندگان حضور پر نور دام اقبالہم وملکہم

قانون موٹر کاری مجریہ ۱۹۱۹ء مین ضروری ترمیمات کر دی گئی ہین نقل قانون مذکور بعد ترمیمات شامل روبکار ہذا ہے۔ لہذا کل حدود ریاست رامپور مین قانون مصرحہ بالا کی نفاذ کی منظوری دیجاتی ہے۔

حکم ہوا کہ

روبکار ہذا مع قانون موٹر گاڑیان برائے تعمیل صاحب چیف منسٹر بہادر کے پاس مرسل ہو ایک نقل اس روبکار کی مع نقل قانون مسلکہ غیر معمولی گزٹ مین درج کیجائے۔

حسب منشاء حکم بندگان عالی دام اقبالہم وملکہم بغرض اجرائے احکام واندراج گزٹ سررشتہ صدر کو مرسل ہو۔ ۲۰ مارچ ۱۹۳۱ء

دستخط صاحب چیف منسٹر بہادر

اعلیحضرت بندگان حضور پر نور دام اقبالہم وملکہم

معروض	جناب عالی	میرسانند

بمنشائے بندگان عالی دام اقبالہم وملکہم صاحب ہوم منسٹر بہادر نے بمشورہ صاحب جوڈیشل منسٹر بہادر قانون متعلق ٹیکسی لاریان و موٹر مرتب کر کے پیش کیا ہے صاحب جوڈیشل منسٹر بہادر نے لکھا ہے کہ قانون موٹر کاری ریاست ۱۹۱۹ء سے نفاذ پذیر ہے بالفعل اس قانون مین کسی ترمیم کی ضرورت نہین معلوم ہوتی۔ وہیل ٹیکس کے متعلق مسودہ قواعد مرتب کر کے بامید منظوری پیش کیا ہے۔ ترقیخواہ مستدعی ہے کہ حکم منظوری شرف نفاذ پائے پچھلی بقایا کے وصول کئے جانے کا حکم بھی پیشگاہ ہمایون سے صادر فرمایا جائے مسلیں ہمراہ کاغذات ہین۔ زیادہ حد ادب۔ آفتاب دولت واقبال تابان باد۔

[illegible]

روبکار اجلاس ہمایون اعلیحضرت بندگان حضور پر نور دام اقبالہم وملکہم واقع ۱۹ مارچ ۱۹۳۱ء

دستخط بندگان حضور پر نور دام اقبالہم وملکہم

کاغذات مسلکہ ملاحظہ ہوے۔ صاحب ہوم منسٹر بہادر نے بمشورہ صاحب جوڈیشل منسٹر بہادر تمام قسم کی سواری گاڑیان جو کہ حدود ریاست کے اندر استعمال کیجاتی ہین۔ ان پر وہیل ٹیکس اور دیگر پابندیان قائم ہونے کے متعلق قواعد مرتب کئے ہین جنکی منظوری کے مستدعی ہین۔ لہذا حسب استدعائے صاحب ہوم منسٹر بہادر بہ اتفاق رائے صاحب چیف منسٹر بہادر قواعد مسلکہ کے نفاذ کی منظوری دیجاتی ہے۔ (۲) ان قواعد کے نفاذ سے قبل جو قواعد متعلق وہیل ٹیکس وغیرہ جاری تھے انکے تحت جو ٹیکس ان قواعد کے حساب سے وصول کیا جائے اور برائے آئندہ قواعد ہذا کے موافق عملدرآمد رکھا جائے۔ سابقہ ٹیکس کے وصول کے لئے ایک ماہ کی مدت دیجاتی ہے۔ بامداد پولیس وصولیابی کیجائے۔ اور رپورٹ پیش کیجائے۔ (۳) قواعد ہذا متعلق وہیل ٹیکس میں فیس جسٹریشن فیس ڈرائیوری موٹروں کے متعلق جو احکام ۱۹۱۹ء کے مجریہ ہین وہ بعد ترمیم ضروری بطور جدید اب بحکم ۱۹ مارچ علیحدہ جاری کئے گئے۔ احکام مذکور مین موٹر گاڑیون کے درج رجسٹر

کرنے اور لائسنس ڈرائیوری وغیرہ دینے کے اختیارات صاحب چیف سکریٹری بہادر کو تھے جو قبل ازین بموجب احکام ۲۲ جولائی سنہ ۱۹۳۰ء و ۱۹ ستمبر سنہ ۱۹۳۰ء صاحب جوڈیشل منسٹر بہادر کے تفویض ہو چکے ہین اور آیندہ بھی اُنہین کے تفویض رہینگے۔

حکم ہوا کہ

روبکار ہذا مع قواعد متعلقہ برائے تعمیل صاحب چیف منسٹر بہادر کے پاس مرسل ہو اور ایک نقل اس روبکار کی مع نقل قواعد منسلکہ غیر معمولی گزٹ مین درج کیجائے۔

حسب منشاء حکم بندگان عالی دام اقبالہم وملکہم بغرض اجراے احکام و اندراج گزٹ سررشتہ صدر کو مرسل ہو۔ ۲۰ مارچ سنہ ۱۹۳۱ء

دستخط صاحب چیف منسٹر بہادر

روبکار اجلاس ہمایون اعلیحضرت بندگان حضور پُرنور دام اقبالہم وملکہم واقعہ ۲۰ مارچ سنہ ۱۹۳۱ء

دستخط بندگان حضور پرنور دام اقبالہم وملکہم

کاغذات منسلکہ ملاحظہ ہوئے۔ صاحب ہوم منسٹر بہادر نے بمشورہ صاحب جوڈیشل منسٹر بہادر حدود میونسپلٹی رامپور کے لئے مسودہ ایکٹ مرتب کیا ہے جسکی منظوری کے مستدعی ہین۔ لہذا حسب استدعائے صاحب ہوم منسٹر بہادر باتفاق رائے صاحب چیف منسٹر بہادر حدود میونسپلٹی رامپور کے لئے ایکٹ مذکور کے نفاذ کی منظوری دیجاتی ہے۔

حکم ہوا کہ

روبکار ہذا مع مسودہ ایکٹ مذکور برائے تعمیل معروضہ بالا صاحب چیف منسٹر بہادر کے پاس مرسل ہو۔ ایک نقل اس روبکار کی مع نقل مسودہ ایکٹ منسلکہ غیر معمولی گزٹ مین درج کیجائے۔

حسب منشائے حکم بندگان عالی دام اقبالہم وملکہم بغرض اجرائے احکام و اندراج گزٹ سررشتہ صدر کو مرسل ہو۔ ۲۰ مارچ سنہ ۱۹۳۱ء

دستخط صاحب چیف منسٹر بہادر

اعلیحضرت بندگان حضور پرنور دام اقبالہم وملکہم

بعز عرض — جناب عالی — میرساند

بیشگاہ بندگان عالی دام اقبالہم وملکہم سے میونسپلٹی رامپور کے جدید انتظامات کی منظوری صادر ہو چکی ہے۔ اس لئے صاحب ہوم منسٹر بہادر نے حدود میونسپلٹی کے لئے ایک ایکٹ کی ضرورت محسوس کرکے بمشورہ صاحب جوڈیشل منسٹر بہادر میونسپل ایکٹ کا مسودہ علاقہ انگریزی کے مروجہ ایکٹ کے بموجب اور بلحاظ حالات ریاست ضروری ترمیمات کرکے برائے منظوری بھیجا ہے۔ جملہ کاغذات ذریعہ عرضداشت حضور انور مین پیش ہین۔ ترقیخواہ کو بھی صاحب ہوم منسٹر بہادر اور صاحب جوڈیشل منسٹر بہادر کی رائے سے اتفاق ہے۔ زیادہ حد ادب۔ دولت جاوید باد۔

عرضی دستخط صاحب چیف منسٹر بہادر
ترقیخواہ ۲۰ مارچ سنہ ۱۹۳۱ء
معروضہ

سرکاری پریس ریاست رامپور میں طبع ہو کر شائع ہوا